© rasailojaraid.com

## جامعہ میں انعامی مقابلوں میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء

| | | | |
|---|---|---|---|
| مقابلہ حفظ الحدیث | اول: عبدالقدیر عبدالمجید | دوم: محمد عثمان خان | سوم: عبدالقدیر عبدالرشید |
| مقابلہ نحو | اول: عبدالقدیر عبدالرشید | دوم: محمد عثمان عبدالغفور | سوم: محمد فیصل۔ سجاد الرحمٰن |
| مقابلہ صرف | اول: اویس اللہ | دوم: مدثر حسین | سوم: عبدالقدیر |
| تقریری مقابلہ | اول: عمر فاروق | دوم: عبدالقدیر عبدالمجید | سوم: عبدالقدیر عبدالرشید |

# وفیات

## شیخ خاور وقاص، شیخ واصف اعجاز اور شیخ زبیر عمر کو صدمہ

24 اگست بروز جمعرات شیخ خاور وقاص کے والد اور شیخ واصف اور شیخ زبیر عمر کے سسر شیخ محمد ارشد وفات پا گئے۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون) ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## وقار عظیم میر کو صدمہ

مورخہ 25 اگست بروز جمعۃ المبارک شاہد میر رؤف کے تایا زاد بھائی وقار عظیم میر کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون) نماز جنازہ قاری عطاء اللہ ثاقب نے پڑھائی۔

## میاں محمود احمد (واپڈا) کو صدمہ

مورخہ 3 ستمبر بروز اتوار میاں محمود احمد کے والد گرامی مستری محمد حنیف (ڈھوک جمعہ) جو کہ مقامی جماعت کے بزرگ ترین افراد میں سے آخری نشانی تھے طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون) مستری صاحب بانی جامعہ حضرت مولانا حافظ عبدالغفورؒ کے اولین ساتھیوں میں سے تھے ان کی وفات سے جماعت ایک مخلص ساتھی سے محروم ہو گئی۔ ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com